# جغرافیہ

# 6

گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب، لاہور

# فہرست


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۱ | زمین ایک سیارہ | 1 |
| ۲ | گلوب نقشے اور ان کا استعمال | 16 |
| ۳ | زمین۔۔۔انسان کا گھر | 32 |
| ۴ | پاکستان کے زمینی خدوخال | 69 |
| ۵ | دنیا کی آبادی | 81 |
| ۶ | انسانی بستیاں | 96 |



نگران : مسٹر سلطان شاھد، پرنسپل
مسٹر کاشف محمود، پرنسپل
تیار کردہ : مسز صا ئمہ نوشین ، جونیئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچر

# یونٹ 1

## زمین ایک سیارہ

سوالنمبر 1۔درست جواب انتخاب کریں

i۔سورج کیا ہے؟

ا۔ سیارہ ب۔ ستارہ ج۔سیارچہ د۔کہکشاں

ii۔ سب سے بڑا براعظم کون سا ہے؟

ا۔افریقہ ب۔ یورپ ج۔شمالی امریکہ د۔ایشیا

iii۔ زمین اپنے محور کے گرد ایک چکر کتنے عرصے میں مکمل کرتی ہے؟

ا۔ایک سال ب۔ایک گھنٹہ ج۔72دن د۔24 گھنٹے

iv۔سورج کے گرد زمین اپنے مدار میں ایک چکر کتنے عرصے میں مکمل کرتی ہے؟

ا۔24 گھنٹے ب۔ایک سال ج۔ دوسال د۔بارہ سال

v۔زمین کی سطح کے کتنے فیصد حصے پر سمندر واقع ہے؟

ا۔ 29 ب۔50 ج۔71 د۔ 90

جواب : 1- ستارہ 2- ایشیا 3-24 گھنٹے 4-ایک سال 5- 71

سوالنمبر 2۔ مختصر جواب دیں۔

i۔کائنات سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ کائنات مادے پر مشتمل ملکی وے گلیکسی جیسی کئی بلین کہکشاؤں کا مجموعہ ہے۔

ii۔ نظام شمسی میں کون کون سے سیارے ہیں؟

جواب۔ 1۔عطارد 2۔زہرہ 3۔زمین 4۔مریخ 5۔مشتری 6۔زحل 7۔یورینس 8۔ نیپچون

iii ۔کرہ ارض پر کون کونسے براعظم موجود ہیں؟

جواب۔ 1۔ایشیا 2۔افریقہ 3۔شمالی امریکہ 4۔انٹارکٹیکا 5۔آسٹریلیا 6۔جنوبی امریکہ 7۔یورپ

v۔کرہ ارض کے پانچ بڑے بحروں کے نام لکھیں۔

جواب۔ 1۔بحرالکاہل 2۔بحراوقیانوس 3۔بحرہند 4۔بحرمنجمد جنوبی 5۔بحرمنجمد شمالی

سوالنمبر 3 ۔ تفصیلی جواب دیں۔

1۔زمین کی مداری گردش سے موسم کس طرح تبدیل ہوتے ہیں؟

جواب۔ i) موسم گرما میں دن لمبے اور راتیں چھوٹی ہوتی ہیں۔

ii) موسم سرما میں دن چھوٹے اور راتیں لمبی ہوتی ہیں۔

iii) 21 جون کو زمین کے شمالی نصف کرہ کا موسم گرم ہوتا ہے اور جنوبی نصف کرہ کا موسم سرد ہوتا ہے۔

iv) 22 دسمبر کو زمین کے شمالی نصف کرہ کا موسم سرد ہوتا ہے اور جنوبی نصف کرہ کا موسم گرم ہوتا ہے۔

v) 21 مارچ اور 22 ستمبر کو موسم نہ زیادہ سرد ہوتا ہے اور نہ زیادہ گرم۔

2۔ چاند گرہن اور سورج گرہن کیسے ہوتا ہے؟

جواب۔ چاند گرہن:

جب زمین سورج اور چاند کے درمیان آجاتی ہے اور زمین سے چاند مکمل یا جزوی طوری پر دکھائی دیتا ہے اسے چاند گرہن کہتے ہیں۔

سورج گرہن :

جب چاند سورج اور زمین کے درمیان آجاتا ہے تو زمین سے سورج مکمل یا جزوی طوری دکھائی نہیں دیتا اسے سورج گرہن کہتے ہیں۔

سرگرمی

☆ دنیا کے نقشے پر بحروں اور براعظموں کے نام لکھیں۔

یونٹ 2

# گلوب نقشے اوران کا استعمال

سوالنمبر 1 ۔ درست جواب پر() کا نشان لگائیں۔

i) زمین کا ماڈل ہے۔

ا۔ نقشہ ب۔خاکہ ج۔گلوب د۔گراف

ii) اگرہم مشرق کی طرف منہ کریں تو ہمارے دائیں جانب کون سی سمت ہوگی؟

ا۔مشرق ب۔شمال ج۔مغرب د۔جنوب

iii) نقشے پرکس سمت کو بنیادی حیثیت حاصل ہے؟

ا۔مشرق ب۔مغرب ج۔جنوب د۔ شمال

iv) پاکستان کے مشرق میں واقع ہے۔

ا۔بحیرہ عرب ب۔چین ج ۔ بھارت د۔افغانستان

v) کتاب کی صورت میں نقشوں کے مجموعے کو کہتے ہیں؟

ا۔خاکہ ب۔اٹلس ج۔دائرے د۔نقوش

جواب : 1- گلوب 2- جنوب 3-شمال 4-بھارت 5- اٹلس

سوالنمبر 2۔مختصر جواب دیں۔

i) نقشے اورگلوب میں کیا فرق ہے؟

جواب i) نقشہ: نقشہ ہموار ہوتا ہے۔نقشے پر ہر طرح کی تفصیل دکھائی جاسکتی ہے۔

ii) گلوب: گلوب گول ہوتا ہے۔گلوب پر زیادہ تفصیلات نہیں دکھائی جاسکتی ہیں۔

ii) نقشے پر زمینی نقوش دکھانے کے کونسے طریقے ہیں؟

جواب۔ نقشے پر زمینی نقوش دکھانے کے مندرجہ ذیل طریقے ہیں۔

i) کنٹورز

ii) رنگوں کی تہیں

iii) رواجی علامات

سوالنمبر 3 تفصیلی جواب دیں۔

1) سمتوں کے نام تحریر کریں۔

جواب:۔ بنیادی سمتیں چار ہیں جنہیں اطراف ریئسہ کہا جاتا ہے۔

۱۔مشرق ۲۔مغرب ۳ ۔شمال ۴۔جنوب

ان اطراف ریئسہ کے درمیان مزید چار سمتں ہیں

۱۔شمال مشرق ۲۔ شمال مغرب ۳۔جنوب مشرق ۴۔جنوب مغرب

3) نقشوں کے فوائد بیان کریں.

جواب۔ i) نقشے ہمیں بتاتے ہیں کہ ہم زمین پر کہاں رہتے ہیں۔

ii) نقشے ہمیں سمتوں سے آگاہ کرتے ہیں۔

iii) نقشے بحری اور ہوائی سفر میں مدد دیتے ہیں۔

iv) جنگ کی منصوبہ بندی کا دارومدار نقشوں پر ہوتا ہے۔

v) نقشوں پر موسمی حالات بخوبی دکھائے جاسکتے ہیں۔

vi) نقشے فصلوں، معدنیات اور صنعتوں کی تقسیم دکھانے کا اہم ذریعہ ہیں۔

سرگرمی

☆ استاد کی مدد سے طلبہ اپنے کل روم کا نقشہ تیار کریں۔

## یونٹ 3

# زمین انسان کا گھر

سوالنمبر 1۔درست جواب پر() کا نشان لگائیں۔

i۔ہماری زمین کے اردگرد موجود ہوا کا غلاف کہلاتا ہے۔

ا۔کرہ ہوائی ب۔کرہ حجری ج۔کرہ آبی د ۔کرہ حیاتی

ii۔کونسی گیس ہمیں سورج کی مضر شعاعوں سے محفوظ رکھتی ہے؟

ا۔کاربن ڈائی آکسائڈ ب۔ آکسیجن ج۔ اوزون د۔آبی بخارات

iii۔میدانوں میں دنیا کی کتنے فی صد آبادی رہتی ہے؟

ا۔10 ب۔20 ج۔ 40 د۔80

iv۔قدرتی ریشم کہاں سے حاصل ہوتا ہے؟

ا۔ جنگلات سے ب۔پودوں سے ج۔کیڑوں سے د۔صنعتوں سے

v۔کس گیس کی وجہ سے زمین پر زندگی ممکن ہے؟

ا۔کاربن ڈائی آکسائڈ ب۔ آکسیجن ج۔ اوزون د۔نائٹروجن

جواب 1- کرہ ہوائی 2-اوزون 3- 80 4- کیڑوں سے 5- آکسیجن

سوالنمبر 2۔مختصر جواب دیں۔

i) کرہ ہوائی سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ہماری زمین کے اردگرد مختلف گیسوں پر مشتمل ہوا کا ایک غلاف موجود ہے اسے کرہ ہوائی کہتے ہیں۔

ii) کرہ حجری سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ ہماری زمین کے کل رقبے میں سے 92 فیصد رقبہ خشکی پر مشتمل ہے اسے کرہ حجری کہتے ہیں۔

iii) کرہ آبی سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ہماری زمین کے کل رقبے کا 71 فیصد پانی پر مشتمل ہے اسے کرہ آبی کہتے ہیں۔

iv) جنگلات کے دو فوائد تحریر کریں۔

جواب۔ i. جنگلات سے لکڑی، قیمتی جڑی بوٹیاں اور پھل وغیرہ حاصل ہوتے ہیں۔

ii. جنگلات آکسیجن فراہم کرنے کا ذریعہ بھی ہیں۔

v) کرہ حیاتی سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ کرہ حیاتی میں انسانی، نباتاتی اور حیوانی زندگی شامل ہے۔

سوالنمبر 3۔ تفصیلی جواب دیں۔

1۔ آب وہوا اور انسان کے باہمی تعلق پر نوٹ تحریر کریں۔

جواب۔ آب وہوا اور انسان

زمین کے مختلف حصوں میں پائی جانی والی مختلف آب وہوا انسان پر اثر انداز ہوتی ہے۔

i۔ دنیا کے وہ علاقے جہاں آب وہوا معتدل ہے وہاں ترقی کی رفتار ان علاقوں سے بہتر ہے جہاں موسم شدید گرم یا شدید سرد ہوتا ہے

ii۔ گرم علاقوں کے رہنے والے ہلکا پھلکا لباس پہنتے ہیں۔ جبکہ سرد علاقوں کے رہنے والے لوگ زیادہ تر اون یا کھال کے بنے لباس پہنتے ہیں۔

iii۔ آب وہوا کا فرق انسانوں کے رنگ، جسمانی بناوٹ اور کام کرنے کی صلاحیت پر بھی اثر انداز ہوتا ہے۔

سرگرمی

☆ ایک چارٹ پر زمین کے قدرتی کروں (کرہ ہوائی، کرہ آبی، کرہ حجری، کرہ حیاتی) کو تصویر میں ظاہر کریں۔

یونٹ ۴

# پاکستان کے زمینی خدوخال

سوالنمبر 1۔ درست جواب پر() کا نشان لگائیں۔

i۔دنیا کی دوسری بلند ترین چوٹی کا نام ہے۔

ا۔ ترچ میر　　ب۔ کے ٹو　　ج۔ ماؤنٹ ایورسٹ　　د۔ سیکارام

ii۔ پاکستان میں نمک کی سب سے بڑی کان ہے:

ا۔ کھیوڑہ میں　　ب۔ پسنی میں　　ج۔وزیرستان میں　　د۔ دالبدین میں

iii۔صوبہ پنجاب میں کونسا ریگستان واقع ہے؟

ا۔راجستھان　　ب۔ تھل　　ج۔خاران　　د۔ تھر

iv۔ پاکستان کا سب سے لمبا دریا کون سا ہے؟

ا۔دریائے راوی　　ب۔دریائے چناب　　ج۔دریائے ژوب　　د۔ دریائے سندھ

v۔ پاکستان کے جنوب میں واقع ہے:

ا۔ بحیرہ احمر　　ب۔بحیرہ عرب　　ج۔ بحر شمالی　　د۔ بحرالکاہل

جواب : 1- کے ٹو 2- کھیوڑہ میں 3- تھل 4-دریائے سندھ 5- بحیرہ عرب

سوالنمبر 1۔مختصر جواب دیں۔

i۔ پاکستان میں پائے جانے والے ریگستانوں کے نام تحریر کریں۔

جواب۔ پاکستان میں درج ذیل ریگستان پائے جاتے ہیں:

i۔تھل　ii۔تھر　iii۔چولستان　iv۔خاران

ii۔ پاکستان کی چار بندرگاہوں کے نام تحریر کریں۔

جواب۔ i۔گوادر　ii۔ پسنی　iii۔لسبیلہ　iv ۔پورٹ قاسم

iii۔ پاکستان میں پائے جانے والے پہاڑی سلسلوں کے نام لکھیں۔

جواب۔ پاکستان کا پہاڑی سلسلہ دو بڑے حصوں پر مشتمل ہے:

i۔ شمالی پہاڑی سلسلہ : ہمالیہ ، قراقرم

ii۔ شمالی مغربی پہاڑی سلسلہ : کوہ ہندوکش ، کوہ سفید

سوالنمبر 3۔ دریائے سندھ پر نوٹ لکھیں۔

جواب۔ دریائے سندھ پاکستان کا سب سے لمبا دریا ہے۔ اس کی لمبائی 2900 کلومیٹر ہے۔ یہ قراقرم اور ہمالیہ کے پہاڑی سلسلے سے گزرتا ہوا جب میدانی علاقے میں داخل ہوتا ہے تو مٹھن کوٹ کے مقام پر اس میں درج ذیل دریا آ کر شامل ہو جاتے ہیں:

1۔ جہلم 2۔ راوی 3۔ چناب 4۔ ستلج

پھر یہ جنوب میں سفر کرتا ہوا بحیرہ عرب میں جا گرتا ہے۔

سرگرمی

☆ پاکستان کے زمینی خدوخال کے نقشے پر طلبہ پاکستان کے پہاڑی سلسلوں، صحراوں، میدانی علاقوں اور اہم دریاوں کی شناخت کریں۔

☆ طلبہ پاکستان کے مختلف خدوخال (پہاڑ، دریا، سمندر، صحرا، میدان وغیرہ) کی تصاویر اپنی کاپی پر چسپاں کریں۔

یونٹ 5

# دنیا کی آبادی

سوالنمبر 1 درست جواب ( ) پر نشان لگائیں۔

i) آبادی کا مطالعہ کہلاتا ہے:

ا۔ پاپولیشن سٹڈی ب۔ پاپولیشن گرافی ج۔ جیوگرافی د۔ ڈیموگرافی

ii) دنیا کا سب سے زیادہ آبادی والا براعظم ہے۔

ا۔ یورپ ب۔ایشیا ج۔ آسٹریلیا د۔انٹارکٹیکا

iii) دنیا کی کل آبادی ہے۔

ا۔7.6بلین ب۔6بلین ج۔8بلین د۔9بلین

iv) پاکستان کا آبادی کے لحاظ سے دنیا میں نمبر ہے۔

ا۔ پانچواں ب۔ چھٹا ج۔ساتواں د۔آٹھواں

v) پاکستان کی موجودہ آبادی ہے۔

ا۔ 147 ملین ب۔ 157 ملین ج۔ 167 ملین د۔191.71 ملین

جواب : 1-ڈیموگرافی 2- ایشیا 3-7.6بلین 4- چھٹا 5-191.71ملین

سوالنمبر 2۔مختصر جواب دیں۔

i) آبادی کی گنجانیت سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ایک مربع کلومیٹر رقبے میں آباد لوگوں کی تعداد آبادی کی گنجانیت کہلاتی ہے۔

ii) پاکستان کو بڑھتی ہوی آبادی کی وجہ سے کن مسائل کا سامنا ہے؟

جواب۔تیزی سے بڑھتی ہوی آبادی کی وجہ سے پاکستان کو درج ذیل مسائل کا سامنا ہے:

i۔ناخواندگی ii۔بے روزگاری iii۔طبی سہولیات کی کمی

iv۔پانی اور بجلی کی کمی v۔فصلوں کی پیداوار میں اضافے کی ضرورت

iii) مردم شماری سے کیا مراد ہے؟

جواب۔آبادی کو شمار کرنے کا عمل مردم شماری کہلاتا ہے۔

سوالنمبر 3۔ تفصیلی جواب دیں۔

1) نقل مکانی سے کیا مراد ہے ؟ نیز یہ بتائیں کہ لوگ نقل مکانی کیوں کرتے ہیں؟

جواب۔ نقل مکانی :

ایک علاقے سے نکل کر دوسرے علاقوں میں آباد ہونے کا عمل نقل مکانی کہلاتا ہے۔

نقل مکانی کی وجوہات :

i) روزگار کی خاطر ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں نقل مکانی کی جاتی ہے۔

ii) مذہبی آزادی اور ثقافتی روایات کی خاطر بھی لوگ نقل مکانی کرتے ہیں۔

iii) جنگ کی صورت میں نقل مکانی کی جاتی ہے۔

iv) بعض دفعہ قدرتی آفات کی وجہ سے بھی لوگ اپنا علاقہ چھوڑ جاتے ہیں۔

2) پاکستان کی آبادی پر نوٹ لکھیں۔

جواب۔ پاکستان کی آبادی :

آبادی کے لحاظ سے پاکستان دنیا کا چھٹا بڑا ملک ہے۔ پاکستان کی موجودہ آبادی تقریبا 191.71 ملین ہے۔

آبادی کی تقسیم

پاکستان میں آبادی کی تقسیم یکساں نہیں ہے۔ کچھ علاقے زیادہ گنجان آباد ہیں، کچھ درمیانے گنجان آباد اور کچھ کم گنجان آباد ہیں۔

آبادی کی گنجانیت

پاکستان میں آبادی کی گنجانیت 236 افراد فی مربع کلومیٹر ہے۔

سرگرمی

☆ افزائش آبادی کی وجہ سے ماحول پر پڑنے والے اثرات کو چارٹ پر تصاویر کی صورت ظاہر کریں۔

یونٹ 6

# انسانی بستیاں

سوالنمبر 1 درست جواب () پرنشان لگائیں۔

i) لاہور کس دریا کے کنارے واقع ہے؟

ا۔سندھ ب۔جہلم ج۔چناب د۔راوی

ii) موہنجودڑو کس علاقے کا قدیم شہر ہے؟

ا۔پاکستان ب۔عراق ج۔مصر د۔چین

iii) دریاوں کے کناروں کے ساتھ واقع بستیاں کس شکل کی ہوتی ہیں؟

ا۔گولائی دار ب۔لمبوتری ج۔مربع د۔بکھری ہوئی

iv) ایسی بستی جس میں گھر ایک دوسرے سے دور دور واقع ہوں، کہلاتی ہے۔

ا۔میگاپولس ب۔ذیلی گاؤں ج۔قصبہ د۔گاؤں

v) تجارت کے حوالے سے اہم شہروں کو کہتے ہیں ۔

ا۔ میکروسٹی ب۔ میٹروسٹی ج۔سمال سٹی د۔میٹروپولیٹن سٹی

جواب : 1- راوی 2-پاکستان 3- ۔لمبوتری 4-ذیلی گاؤں 5- میٹروپولیٹن سٹی

سوالنمبر 2۔مختصر جواب دیں۔

i) بستی سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ جب ایک جگہ مستقل طور پر بہت سارے گھر بن جائیں تو اسے بستی کہتے ہیں۔

ii) دیہی اور شہری بستیوں کی دو دو خصوصیات لکھیں۔

جواب۔ دیہی بستیاں

i۔ یہ سائز میں چھوٹی ہوتی ہیں اور ان میں آبادی کم ہوتی ہے۔

ii۔دیہاتوں میں زیادہ تر لوگوں کا پیشہ زراعت ہے۔

شہری بستیاں

i۔ یہ سائز میں بڑی ہوتی ہیں اوران کی آبادی زیادہ ہوتی ہے۔

ii۔شہروں میں زیادہ تر لوگ خدمات،صنعت اور تجارت کے پیشے سے منسلک ہوتے ہیں۔

iii) بڑے شہروں کے دو مسائل بتائیں۔

جواب۔i۔ بے روزگاری اور مہنگائی کی وجہ سے جرائم کی شرح بڑھ جاتی ہے۔

ii۔ذرائع آمدورفت اور توانائی کی وجہ سے آلودگی بڑھ رہی ہے۔

سوالنمبر 3۔تفصیلی جواب دیں۔

1) بستیوں کی درجہ بندی پر نوٹ لکھیں۔

جواب۔بستیوں کو ان کے حجم کے لحاظ سے مندرجہ ذیل اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے:

ذیلی گاؤں

ایسی بستی چند گھروں پر مشتمل ہوتی ہے۔یہ گھر ایک دوسرے سے دور دور واقع ہوتے ہیں۔

گاؤں

یہ کافی زیادہ گھروں پر مشتمل ہوتا ہے۔گاؤں زرعی زمینوں کے قریب واقع ہوتے ہیں۔

قصبہ

اس میں گاؤں اور شہر دونوں کی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔

شہر

یہ حجم میں بڑا ہوتا ہے اور اس کی آبادی لاکھوں میں ہوتی ہے۔

میٹروپولیٹن شہر

ایسے شہر جو دارالحکومت ہوتے ہیں یا تجارت کی وجہ سے مشہور ہوتے ہیں۔

میگا پولس

ایسی بستی جہاں ایک بڑا شہر ختم ہوتے ہی دوسرا شہر شروع ہو جاتا ہے۔

2) دنیا کے چند اہم شہروں پر نوٹ لکھیں۔

کراچی

کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے۔ یہ ایک بڑا تجارتی مرکز اور مشہور بندرگاہ ہے۔

ممبئی

ممبئی بھارت کا سب سے بڑا شہر ہے یہ ایک تجارتی مرکز اور مشہور بندرگاہ ہے۔

شنگھائی

شنگھائی چین کا سب سے بڑا شہر ہے یہ ایک مشہور صنعتی اور تجارتی مرکز اور مصروف بندرگاہ ہے۔

ٹوکیو

ٹوکیو جاپان کا سب سے بڑا شہر ہے اور دارالحکومت بھی ہے۔

نیویارک

یہ امریکہ کا سب سے بڑا شہر ہے۔ یہ بڑا صنعتی اور تجارتی مرکز اور مصروف بندرگاہ ہے۔

لندن

یہ انگلینڈ کا سب سے بڑا شہر اور صنعتی و تجارتی مرکز ہے۔ یہاں دنیا کا مصروف ترین ہیتھرو ایئرپورٹ بھی ہے۔

مکہ

یہ سعودی عرب کا ایک بڑا شہر ہے یہاں خانہ کعبہ ہے اس لیے یہ اسلامی دنیا کا مرکز ہے۔

سرگرمی

☆ دنیا کے بڑے اور اہم شہروں کی تصاویر بمعہ نام چارٹ پر لگا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

☆ شہر، دیہات اور قصبے کی تصاویر طلبہ اپنی کاپیوں پر چسپاں کریں۔

# تاریخ

# 6

گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب لاہور

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| 1 | وادی سندھ کی تہذیب | 1-11 |
| 2 | جنوبی ایشیا میں مسلمان | 26-38 |
| 3 | سماجی اور ثقافتی ترقی | 59-71 |



نگران : مسٹر سلطان شاھد، پرنسپل

مسٹر کاشف محمود، پرنسپل

تیارکردہ : مسز صائمہ نوشین ، جونیئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچر

## یونٹ 1

# وادی سندھ کی تہذیب

سوالنمبر 1 درست جواب پر() کانشان لگائیں۔

i)وادی سندھ میں کون سا شہر مرکزی مقام کا درجہ رکھتا تھا؟

ا۔موہنجوداڑو　ب۔ٹیکسلا　ج۔ملتان　د۔ہڑپہ

ii)وادی سندھ کی تہذب کے لوگوں کی اکثرت کس پیشہ سے تعلق رکھتی تھی؟

ا۔زراعت　ب۔صنعت　ج۔ماہی گیری　د۔ مزدوری

iii)وادی سندھ کی تہذیب کو کس نے تباہ کیا؟

ا۔مقامی لوگوں نے　ب۔آریاؤں نے　ج۔ہندوؤں نے　د۔مصریوں نے

iv)وادی سندھ میں کونسا جانور تہذیب کا نشان سمجھا جاتا تھا؟

ا۔گھوڑا　ب۔بیل　ج۔گائے　د۔بھیڑ

v)وادی سندھ کے لوگ قسم کے تھے۔

ا۔مہذب　ب۔غیر مہذب　ج۔جنگجو　د۔پسماندہ

جواب : 1۔موہنجوداڑو　2۔ زراعت　3۔آریاؤں نے　4۔ بیل　5۔ مہذب

سوالنمبر 2۔ کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| i۔وادی سندھ کے لوگ بیل کو | تیار کیے جاتے تھے |
| ii۔وادی سندھ میں گندے پانی کی نکاسی کا | زرخیز تھی |
| iii۔وادی سندھ کی زمین | بار برداری کے لیے استعمال کرتے تھے |
| iv۔وادی سندھ کے لوگ | عمدہ انتظام تھا |
| v۔وادی سندھ میں اوزار کانسی سے | پرامن زندگی بسر کرتے تھے |

جواب : 1۔بار برداری کے لیے استعمال کرتے تھے　2۔عمدہ انتظام تھا　3۔زرخیز تھی

4۔پرامن زندگی بسر کرتے تھے　5۔تیار کیے جاتے تھے

سوالنمبر 3۔مختصر جواب دیں۔

i) وادی سندھ کی تہذیب کہاں واقع ہے؟

جواب۔ وادی سندھ کی تہذیب سندھ میں دریائے سندھ اور پنجاب میں دریائے راوی کے کنارے آباد تھی۔

ii) وادی سندھ میں لوگوں کا اہم پیشہ کیا تھا؟

جواب۔وادی سندھ میں لوگوں کا اہم پیشہ زراعت تھا۔

iii)مقامی لوگ (دراوڑ) آریاؤں کی آمد کے بعد کہاں چلے گئے؟

جواب۔جب آریاؤں نے وادی سندھ پرحملہ کیا تو یہاں کے باشندوں کوجنوب مشرق کی طرف دھکیل کران کے علاقوں پر قبضہ کرلیا۔

سوالنمبر 3۔تفصیلی جواب دیں۔

1 ۔وادی سندھ کی تہذیب کیسے دریافت ہوئی؟ نیز قدیم تہذیب کے آثار کہاں کہاں سے ملے ہیں؟

جواب۔ وادی سندھ کی تہذیب

وادی سندھ کی تہذیب 1922ء میں کھدائی کے دوران دریافت ہوئی۔اس کے آثار درج ذیل شہروں سے دریافت ہوئے ہیں:

i) موہنجودڑو:

وادی سندھ کی تہذیب کے آثار سب سے پہلے موہنجودڑو میں کھدائی کے دوران دریافت ہوئے۔یہاں سے جو اشیاء ملی ہیں ان میں زیورات،مٹی وکانسی کے برتن،مہریں،بیل گاڑی،کشتی،کھلونے،مجسمے،تکلے اور مختلف جانوروں کے ڈھانچے شامل ہیں۔

ii) ہڑپہ :

وادی سندھ کی تہذیب کا دوسرا اہم مرکز ہڑپہ ہے۔یہاں سے دریافت ہونے والی چیزوں میں مٹی کے پکے برتن،مہریں، اوروزن کرنے کے اوزان شامل ہیں۔

2) وادی سندھ کی زراعت اور تجارت پرنوٹ لکھیں۔

جواب۔وادی سندھ کی زراعت

وادی سندھ کی زمین زرخیز تھی اسلیئے وادی سندھ کی اکثریت کاشتکاروں پرمشتمل تھی۔یہاں کی بستیوں سے جن فصلوں کے آثار ملے ہیں ان میں گیہوں،باجرہ،جو،مٹر،جوار،تل،چاول،السی،سرسوں اورکپاس شامل ہیں۔

## وادی سندھ کی تجارت:

وادی سندھ کے شہروں اور دیہاتوں کے درمیان زرعی اجناس اور معدنیات کی تجارت ہوتی تھی وزن اور پیمائش کے لیے باٹ تھے جو کہ چوکور شکل کے پتھر تھے۔

سرگرمی

☆ طلبہ کو کسی تاریخی میوزیم کی سیر کروائی جائے۔

☆ وادی سندھ سے ملنے والی اشیا کی تصاویر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

یونٹ 2

# جنوبی ایشیا میں مسلمان

سوالنمبر 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

i) عربوں کے تجارتی جہاز کو کس نے لوٹ لیا؟

ا۔ مکرانیوں نے　　ب۔ ڈاکوؤں نے　　ج۔ ملاحوں　　د۔ مچھیروں نے

ii) محمد بن قاسم راجا داہر کا مقابلہ کرنے کیلئے اپنے ساتھ پھینکنے کیلئے کیا لایا؟

ا۔ منجنیق　　ب۔ توپ　　ج۔ بندوق　　د۔ ٹینک

iii) محمود غزنوی نے ہندوستان پر کتنے حملے کیے؟

ا۔ پندرہ　　ب۔ سولہ　　ج۔ سترہ　　د۔ اٹھارہ

iv) شہاب الدین غوری نے ترائن کی پہلی جنگ کس کے خلاف لڑی؟

ا۔ پرتھوی راج چوہان　　ب۔ محمود غزنوی　　ج۔ سلطان ابراہیم لودھی　　د۔ رضیہ سلطانہ

v) رضیہ سلطانہ کسی کی بیٹی تھی؟

ا۔ قطب الدین ایبک　　ب۔ سلطان التمش　　ج۔ ناصر الدین　　د۔ سلطان غیاث الدین بلبن

جواب : 1۔ ڈاکوؤں نے　2۔ منجنیق　3۔ سترہ　4۔ پرتھوی راج چوہان　5۔ سلطان التمش

سوالنمبر 2 کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| i) محمد بن قاسم | کا غلام تھا |
| ii) سلطان قطب الدین ایبک 1206 میں | علم سے لگاؤ رکھتا تھا |
| iii) سلطان شمس الدین التمش، قطب الدین ایبک | بیٹی تھی |
| iv) رضیہ سلطانہ، التمش کی | لاہور میں تخت نشیں ہوا |
| v) سلطان غیاث الدین بلبن | فاتح سندھ تھا |

جواب : 1۔ فاتح سندھ تھا　2۔ لاہور میں تخت نشیں ہوا　3۔ کا غلام تھا　4۔ بیٹی تھی　5۔ علم سے لگاؤ رکھتا تھا

سوالنمبر 3 مختصر جواب دیں۔

i) محمد بن قاسم کون تھا؟

جواب۔ محمد بن قاسم عراق کے حکمران حجاج بن یوسف کا داماد اور بھتیجا تھا۔

ii) محمد بن قاسم نے سندھ کس سن عیسوی میں فتح کیا تھا؟

جواب۔ محمد بن قاسم نے 712ء میں سندھ فاتح کیا۔

iii) محمود غزنوی نے ہندوستان پر کتنے حملے کیے؟

جواب۔ محمود غزنوی نے ہندوستان پر 17 حملے کیے اور ہمیشہ کامیاب رہا۔

سوالنمبر 4 تفصیلی جواب دیں۔

1) عربوں کے سندھ پر حملے کی وجوہات اور اثرات بیان کریں؟

جواب۔ عربوں کے سندھ پر حملے کی وجوہات:

i۔ 703ء میں مکران کے مسلمان گورنر کے قاتل کا سندھ کے راجہ داہر کے ہاں پناہ لینا۔

ii۔ عرب کے مسلمانوں کے جہاز پر سندھ کے ڈاکوؤں کی لوٹ مار۔

iii۔ راجہ داہر کا ڈاکوؤں کو سزا نہ دینا۔

اثرات :

i۔ راجہ داہر کی شکست کے بعد محمد بن قاسم نے عدل وانصاف کا نظام رائج کیا۔

ii۔ وہاں کے ہندوؤں نے مسلمانوں کے اخلاق اور رواداری سے متاثر ہو کر اسلام قبول کرلیا۔

iii۔ عربوں کے ساتھ تجارت میں اضافہ ہوا۔

2) سلطان محمود غزنوی کے برصغیر پر حملوں کے بارے میں تحریر کریں؟

جواب۔ سلطان محمود غزنوی غزنی کا بادشاہ تھا اس نے ہندوستان پر سترہ حملہ کیے اور ہمیشہ کامیاب رہا۔ محمود غزنوی کی برصغیر میں چند فتوحات درج ذیل ہیں۔

i۔ **سومنات کا مندر :** سومنات ہندوؤں کا مندر تھا ان کا عقیدہ تھا کہ سومنات کے مندر پر حملہ کرنے والا خود تباہ و برباد ہو جائے گا۔ محمود غزنوی نے اس مندر پر حملہ کر کے اسے فتح کرلیا۔

**ii۔راجا جے پال کو شکست** : سلطان محمود غزنوی نے پنجاب پر حملہ کر کے راجا جے پال کو عبرتناک شکست دی۔

**iii۔راجا انند پال کو شکست** : راجا انند نے ایک بڑا لشکر تیار کیا جب اس نے سلطان پر حملہ کیا تو سلطان محمود غزنوی نے اس کو بھی شکست دے دی۔

سرگرمی

☆ ہندوستان پر مسلمان کی آمد سے لیکر مختلف مسلمان حکمرانوں کے دورِ حکوت کو فلیش کارڈز پر لکھ کر ترتیب وار آویزاں کریں۔

یونٹ 3

# سماجی اور ثقافتی ترقی

سوالنمبر 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

i) مسجد قوت الاسلام کی بنیاد کس بادشاہ نے رکھی؟

ا۔التمش ب۔قطب الدین ایبک ج۔ علاؤالدین د۔ محمد تغلق

ii) ملک کا حاکم اعلیٰ کیا کہلاتا تھا؟

ا۔دیوان ب۔سلطان ج۔وزیر د۔ گورنر

iii) صوبے میں عدل وانصاف کے شعبے کا نگران کہلاتا تھا؟

ا۔قاضی ب۔چودھری ج۔کوتوال د۔ مقدم

iv) تصوف برصغیر پاک وہند میں کس صدی عیسوی میں متعارف ہوا؟

ا۔نویں ب۔ آٹھویں ج۔دسویں د۔ گیارہویں

v) سید علی ہجویری کا سلسلہ کس صحابی رسول ﷺ تک جا پہنچتا ہے؟

ا۔حضرت ابوبکر صدیقؓ ب۔حضرت عمر فاروقؓ ج۔حضرت عثمان غنیؓ د۔حضرت علیؓ

جواب : 1۔ قطب الدین ایبک 2۔سلطان 3۔قاضی 4۔دسویں 5۔ حضرت علیؓ

سوالنمبر 2 کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| i) سید علی ہجویری نے | تبریز (ایران) تھا |
| ii) شہاب الدین سہروردی سلسلہ | مذہبی امور سرانجام دیتی تھی |
| iii) لال شہباز قلندر کا اصل وطن | سہروردیہ کے بانی تھے |
| iv) ملک کا حاکم اعلیٰ | کشف المحجوب |
| v) دیوان رسالت | سلطان |

جواب : 1۔کشف المحجوب 2۔سہروردیہ کے بانی تھے 3۔تبریز (ایران) تھا 4۔ سلطان 5۔مذہبی امور سرانجام دیتی تھی

سوالنمبر 3 مختصر جواب دیں۔

(۱) سید علی ہجویری کا مزرا کہاں واقع ہے؟

جواب۔سید علی ہجویری کا مزار لاہور میں واقع ہے۔

(۲) قطب مینار کی بنیاد کس نے رکھی؟

جواب۔ قطب مینار کی بنیاد سلطان قطب الدین ایبک نے رکھی۔

(۳) کوتوال کیا کام کرتا تھا؟

جواب۔کوتوال پولیس کے محکمے کا سربراہ ہوتا تھا۔علاقے کے امن وامان کی ذمہ داری کوتوال سرانجام دیتا تھا۔

سوالنمبر 4 تفصیلی جواب دیں۔

(۱) حضرت علی ہجویری پر نوٹ لکھیں؟

جواب۔حضرت علی ہجویری کا تعلق افغانستان کے علاقے سے تھا آپ 1009ء میں پیدا ہوئے آپ کا سلسلہ حضرت علیؓ تک جا پہنچتا ہے آپ کا لقب گنج بخش ہے۔

تعلیمی ودینی خدمات:

i) آپ کا گھرانہ علم وفضل کا گہواہ تھا۔

ii) آپ کی تعلیمات سے متاثر ہو کر بے شمار لوگوں نے اسلام قبول کیا۔

iii) آپ کی مشہور کتابیں ہیں:

(۱) کشف المحجوب (۲) کشف الاسرار

۲) سلاطین دہلی کے مرکزی نظام کی وضاحت کریں۔

جواب۔سلاطین دہلی کا نظام حکوت

سلاطین دہلی کے نظام حکوت کو درج ذیل نکات کی صورت میں بیان کیا جا سکتا ہے۔

مرکزی نظام:

ملک کا حاکم اعلی سلطان کو سمجھا جاتا تھا۔اہم محکمے مثلا فوج اور عدالتیں براہ راست سلطان کے دائرہ اختیار میں تھے۔

دیوان وزارت:

یہ محکمہ آمدن اور اخراجات کا حساب رکھتا تھا۔

دیوان رسالت :

یہ محکمہ مذہبی امور کی انجام دہی کے لیے تھا۔

دیوان عدل

یہ انصاف کا محکمہ تھا۔

دیوان عرض

یہ محکمہ فوجی معاملات کو سنبھالتا تھا۔

دیوان انشاء

یہ محکمہ خط و کتابت کا ذمہ دار ہوتا تھا۔

محکمہ ڈاک

ان کا کام ڈاک کو مختلف چوکیوں کے ذریعے منزل تک پہنچانا تھا۔

وکیل دار

شاہی محل کا انتظام اور کھانے کا بندوبست اس کے ذمہ تھا۔

امیر حاجب

یہ دربار کی تقریبات کا انتظام کرتا تھا۔

جان دار

بادشاہ کا باڈی گارڈ دستہ جاندار کہلاتا تھا۔

سرگرمی

☆ اس باب میں شامل مشہور بزرگان دین کی فہرست تیار کر کے کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔